## ذولسانی خاص تعلیم (BSE) پروگرامز

ذولسانی خاص تعلیم (BSE) ان طلبا کو ایک متخصص پروگرام فراہم کرتا ہے جنکا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ایک اشتراکی باہمی تدریس (ICT) یا انگریزی کے علاوہ کسی اور زبان میں خاص کلاس تجویز کرتا ہے۔ BSE انفرادی طور پر طالب علم کی IEP ٹیم کے ذریعے تجویز کیا جاتا ہے، جس میں والدین شامل ہیں۔ BSE ایک خاص پروگرام ہے کیونکہ یہ ضلع 32-1 کے ہر اسکول میں نہیں دیا جاتا ہے۔ طلبا کو اپنے IEP میں تجویز کردہ BSE پروگرام کے لیے اسکول تبادلہ درکار ہوسکتا ہے۔

ذولسانی ICT اور ذولسانی خاص کلاس (12:1, 12:1:1, یا 15:1) پروگراموں کا مقصد انگریزی زبان متعلمین (ELLs) کی مدد کرنا ہے جو ثقافتی اور لسانی طور پر اثرپذیر اور متعلقہ تدریس سے مستفید ہونگے جو انکی ادراکی، تعلیمی اور لسانی ضروریات سے نمٹتی ہے۔ BSE پروگرامز طلبا کو کامیابی حاصل کرنے کے لیے آبائی زبان میں درکار معاونت موصول کرتے ہوئے ایک ضلعی اسکول میں تعلیمی صلاحیتیں سیکھنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

## BSE طالب علم کا خاکہ

- **درجہ بندی:** طلبا کا 13 معذوری کی درجہ بندیوں میں سے ایک کے لیے اہل ہونا لازمی ہے۔ جیسا کہ نیویارک ریاست تعلیمی محکمے کے کمشنرضابطہ برائے تعلیم کے ذریعے واضح کیا گیا ہے۔ جز 200؛ معذوری کے حامل طلبا۔
- **IEP پروگرام تجاویز:** طالب علم کے IEP کے تجویز کردہ خاص تعلیم پروگرامز/ خدمات کے صفحہ پر انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان منتخب کی جانی لازمی ہے۔

## BSE پروگرام کی خصوصیات

- **دوہری زبان (DL):** ELLs اور انگریزی میں ماہر طلبا دونوں کو خدمات فراہم کرتا ہے، جو ایک دوسرے کے لیے مثال کا کام کرتے ہیں اور انکے باہمی رابطے دونوں زبانوں میں صلاحیتوں کے فروغ میں مدد دیتے ہیں۔ دوہری زبان پروگراموں کو، طالب علم کی گھریلو زبان اور ساتھ ہی انگریزی زبان کی صلاحیتوں کے فروغ کو جاری رکھنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ طلبا اپنی آدھی تدریس انگریزی میں اور آدھی تدریس ابدائی (یا غیرانگریزی) زبان میں موصول کرتے ہیں۔ اس پروگرام کا ہدف طلبا کو انگریزی اور اپنی گھریلو زبان دونوں میں مطالعہ کرنا، تحریر کرنا اور بولنا سیکھنے کے قابل بنانا ہے۔
- **عبوری ذولسانی تعلیم (TBE)** صرف ELLs کی خدمات کیلئیے۔ TBE پروگراموں کو طلبا میں وقت کے ساتھ انگریزی زبان کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ طلبا انگریزی میں بتدریج منتقلی سے پہلے اپنی گھریلو زبان میں زیادہ تر تدریسی وقت گزار کر اپنی آبائی زبان کی صلاحیتوں کو انگریزی میں تبدیل کرنا شروع کرتے ہیں۔ انگریزی زبان کے فروغ کے ابتدائی مراحل میں، تقریباً 60 فیصد تدریسی وقت طالب علم کی آبائی زبان میں ہوگا اور 40 فیصد انگریزی میں۔ جیسے جیسے طالب علم انگریزی میں روانی پیدا کرے گا، انگریزی میں تدریس کا وقت بڑھتا جائے گا۔
- **ہم آہنگ باہمی تدریس (ICT):** ICT کلاس روم میں معذوری کے حامل طلبا اور غیرمعذور طلبا شامل ہوتے ہیں جنہیں ایک عام تعلیم استاد اور ایک خاص تعلیم استاد کے ذریعے اکھٹی تعلیم دی جاتی ہے۔ اساتذہ ملکر کام کرتے ہیں اور آپکے بچے کے لیے تدریس کی ترمیم کرنے میں دن کے دوران اشتراک سے کام کرتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ تمام کلاس کو عام تعلیمی نصاب تک رسائی حاصل ہے۔ معذوری کے حامل طلبا کی تعداد کو کُل کلاس رجسٹر کے % 40 سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے یا ایک ICT کلاس میں زیادہ سے زیادہ معذوری کے حامل بارہ طلبا ہونے چاہئیں۔
- **خاص کلاس (SC):** ایک خاص کلاس معذوری کے حامل بچوں کو ایک ضروری سامان سے لیس کلاس، مختصر ترتیب میں خدمات فراہم کرتی ہے جہاں کلاس کا زیادہ سے زیادہ سائز 12 یا 15 طلبا تک گھٹا دیا جاتا ہے۔ وہ ان بچوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں جنکی ضروریات کی عام تعلیم کلاس روم میں تکمیل نہیں کی جاسکتی۔ ضروری سامان سے لیس خاص کلاس میں، طلبا کی یکساں تعلیمی ضروریات کے لحاظ سے گروپ بندی کرنا لازمی ہے۔ کلاسوں میں ایک جیسی یا مختلف معذوری والے طلبا شامل ہوسکتے ہیں بشرطیکہ انکے علمی سطح اور سیکھنے کی خصوصیات، سماجی نشو ونما کی سطح، جسمانی نشو ونما کی سطح اور انتظامی ضروریات یکساں ہوں۔
- **نصاب اور تدریس:** BSE پروگرام بنیادی مشترکہ تعلیمی معیارات (CCLS) کی پابندی کرتا ہے۔ دوہری زبان اور عبوری ذولسانی تعلیمی پروگرامز طلبا کو ایک تعلیمی طور پر سخت نصاب دو زبانوں میں فراہم کرتے ہیں، ELLs کو کامن کور میں قائم کیے گئے سخت معیارات کی تکمیل یا اس سے تجاوز کرنے کے قابل بناتا ہے۔ ذولسانی کامن کور آغازِ کار ایک رہنمائی ہے کہ دولسانی،

انگریزی بطور ایک نئی زبان (ENL) اورانگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں (LOTE) کے اساتذہ کس طرح تدریس فراہم کرسکتے ہیں جو لسانی مہارت اور خواندگی کے مختلف سطوح کے طلبا کے لیے کامن کور معیارات کو قابلِ رسائی بنائے۔ نیویارک شہر ذولسانی کامن کور آغازِ کار نے وسائل کے دو سیٹ تشکیل دیے ہیں، نئی زبان فنون پیش روی اور گھریلو زبان فنون پیش روی۔ مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی اپنے پروگرام اسکول سے بات کریں اور نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ سے رجوع کریں، ذولسانی تعلیم اور انگریزی بحیثیت نئی زبان

## ذولسانی خاص تعلیم (BSE) پروگرامز

BSE پروگرامز IEP کے تحت چلتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں، جب تک کہ ICT یا خاص کلاس پروگرام انگریزی کے علاوہ دوسری زبان میں تدریس کے لیے تجویز کیا گیا ہے، طالب علم ایک BSE پروگرام میں تقرری کا اہل ہے۔

**تفتیش:** ایکبار IEP کے ذولسانی ICT یا ذولسانی خاص کلاس کے ساتھ حتمی ہوجانے کے بعد، IEP ٹیم مرکزی BSE پروگرام ٹیم سے تقرری کو سہل بنانے کے لیے رابطہ کرے گی۔

- اہلِ خانہ اور اسکول اسکول سال کے دوران کسی بھی وقت ایک تفتیش جمع کروانے یا سوالات پوچھنے کے لئیے مرکزی BSE پروگرام ٹیم سے BSEprograms@schools.nyc.gov پر ای میل کرکے رابطہ کرسکتے ہیں۔
- ستمبر میں کنڈرگارٹن میں داخل ہونے والے طلبا ("Turning 5") کو دفتر برائے طالبعلم اندراج کی جانب سے مرکزی BSE پروگرام ٹیم کی مدد سے سابقہ اسکول سال کے مارچ یا اپریل میں تقرری کی پیشکش کی جاتی ہے۔

- **مرکزی ACES پروگرام ٹیم کی جانب سے تصدیق:** اگر آپ مرکزی BSE پروگرام ٹیم کو ای میل کریں، توآپکو اپنی تفتیش کی تصدیق میں ایک ای میل موصول ہوگی۔

اگر آپ اپنے بچے کے لیے کاروائی کی ایک درخواست جمع کرواتے ہیں تو مرکزی BSE پروگرام ٹیم آپ کے بچے کے اسکول یا ضلعی CSE کو مطلع کرے گی کہ آپ ذولسانی خاص تعلیم میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

- **ابتدائی جائزہ:** مرکزی BSE پروگرام ٹیم طالب علم کے IEP کا یہ تصدیق کرنے کے لیے جائزہ لیتی ہے کہ اس میں ذولسانی ICT یا خاص تعلیم پروگرام تجویز کیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ، ٹیم، طالب علم کے گھر کے نزدیک ترین دستیاب نشستوں والے BSE پروگرام کی نشاندہی کرنے کے لیے طالب علم کے پتے کی تصدیق کرتی ہے۔
- **اسکول میں تقرری:** اگر مرکزی BSE پروگرام ٹیم ایک ذولسانی خاص تعلیم پروگرام میں ایک تقرری کی پیشکش کے قابل ہے جو طالب علم کے گھر سے معقول فاصلے پر ہے اور نشستیں دستیاب ہیں، آپکو ایک اسکول جائے وقوع کا خط (SLL) ملے گا جو BSE پروگرام میں دستیاب نشستوں کے ساتھ ایک منتخب کردہ اسکول فراہم کرے گا۔ BSE پروگرام آپکے مقامی ضلعی اسکول سے مختلف اسکول میں ہوسکتا ہے۔ اگر اسکول آپ کے گھر کے نزدیک نہیں ہے تو آپ کا بچہ اسکول آنے جانے کے لیے بس کی خدمات کا اہل ہے۔

**اگر BSE ٹیم طالب علم کے لیے کوئی ذولسانی کلاس تلاش نہیں کرسکتی، طلبا علم کو ایک یک لسانی (انگریزی) ICT یا خاص کلاس میں ایک ذولسانی متبادل تقرری پیشہ ور معاون کی معاونت ملنی چاہیئے جبکہ مرکزی BSE پروگرام ٹیم ایک دستیاب ذولسانی خاص تعلیم پروگرام کی تلاش جاری رکھے گی۔ اسکے علاوہ، طالب علم کو انگریزی بطور نئی زبان (ENL) خدمات ملنی جاری رہنی چاہیں۔**

- **دورے اور داخلہ:** اسکول کے جائے وقوع کے خط (SLL) میں رابطہ فرد کا نام اور BSE پروگام والے اسکول کا پتہ شامل ہوگا۔ برائے کرم دورے کا وقت طے کرنے کے لیے براہِ کرم اسکول سے رابطہ کریں۔ اسکول کا دورہ کرنے کے بعد، IEP ٹیم کو مطلع کرنے کے لیے رابطہ کریں کہ آیا آپ BSE پروگرام پیشکش کو قبول کررہے ہیں یا مسترد کررہے ہیں۔
- **نئے اسکول میں اندراج:** اگر آپ BSE تقرری کی پیشکش قبول کرلیتے ہیں تو برائے مہربانی اپنے بچے کو BSE پروگرام اسکول میں اندراج کروانے کے لیے اپنے ساتھ اسکول کے جائے وقوع کا خط (SLL) بمعہ اپنے بچے کی پیدائش کے سرٹیفیکٹ اور اپنے پتے کے دو ثبوتوں کے لے کر جائیں۔ DOE ویب سائیٹ پر جائیں اندراج کیلئیے "کیا لانا ہے " کی تفصیل کیلئیے۔

ہم آپکے بچے کو ذولسانی خاص تعلیم خدمات فراہم کرنے کے متمنی ہیں جو اسکی ادراکی، تعلیمی اور لسانی ضروریات سے نمٹتی ہیں۔ ذولسانی خاص تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی ہماری ویب سائٹ پر جائیں۔ **متخصص پروگرامز**۔